ایک دوسرے معاملے میں پاپائی کمیشن برائے امن و انصاف کے صدر کارڈینل روجر ایچ گیرے ۱۱ جنوری کو دو روزہ دورے پر کوالالمپور پہنچے۔ اپنی ایک تقریر میں انہوں نے کہا کہ "مقامی چرچ انسانی وقار کی حفاظت کے لیے جو کچھ کر رہے ہیں، پوپ اس پر پوری توجہ مبذول کیے ہوئے ہیں۔" انہوں نے اپنے سامعین کو ان کی یہ ذمہ داری یاد دلائی کہ وہ تمام مذاہب اور اقوام کے انسانی حقوق کی حفاظت کے سلسلے میں اپنی کوششوں میں مسیح کی سچی شہادت پیش کریں۔ انہوں نے بدھ مت، عیسائیت، ہندومت اور سکھ دھرم پر مشتمل مشترکہ ملائیشیائی مشاورتی کونسل کے ارکان سے بھی ملاقات کی۔ (رپورٹ: دی کیتھولک نیوز)

یورپ/امریکہ

فن لینڈ: مورمنزم، اسلام اور یہوواہ وٹنسز سے عدم دلچسپی

فن لینڈ میں ایونجلیکل لوتھرن چرچ کے تحقیقاتی مرکز کے زیر اہتمام رائے عامہ کے ایک جائزے سے پتہ چلتا ہے کہ بحیثیت مجموعی فن لینڈ کے عوام مورمنزم، اسلام اور یہوواہ وٹنسز کے بارے میں خاص طور پر عدم دلچسپی کا اظہار کرتے ہیں۔ رائے شماری میں دو تہائی افراد نے اسلام کے متعلق منفی تاثر کا اظہار کیا۔ یہی تناسب مورمنزم کے بارے میں تھا۔ البتہ یہوواہ وٹنسز کو ناپسند کرنے والے ۸۲ فیصد تھے۔ فن لینڈ میں یہوواہ وٹنسز ۱۲ ہزار ہیں اور مسلمان تقریباً ایک ہزار۔ فن لینڈ کے آٹھ میں سے سات فادر ایونجلیکل لوتھرن چرچ سے تعلق رکھتے ہیں، اور سروے میں شامل افراد کی دو تہائی تعداد نے اسے اپنا پسندیدہ مذہب قرار دیا۔ (رپورٹ: اکومینیکل پریس سروس)

متفرّقات

روم نے "بدونِ شادی پیدائش" کو "کفر" قرار دے دیا۔

روم میں چرچ کے حیاتیاتی اخلاق (Bio-ethics) کے ماہرین نے برمنگھم میں "بدونِ شادی پیدائش" کے واقعہ کو "سائنٹفک کفر" قرار دیتے ہوئے اس کی سخت مذمت کی ہے اور اسے "یتیموں کی فیکٹریاں" کھولنے کا ایک ذریعہ قرار دیا ہے۔